www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9676/04**

Paper 4 Texts **October/November 2012**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*0789779218*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may **not** take set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز ، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصّے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصّے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے جواب **اردو** میں لکھیں۔

آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔

اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔

امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

www.PapaCambridge.com

## Section 1

پہلا حصّہ

**1** *Ghazlein*

## ۱۔ غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

حسن بے پروا کو خودبین و خود آرا کر دیا
کیا کیا میں نے کہ اظہارِ تمنا کر دیا
بڑھ گئیں تم سے تو مل کر اور بھی بے تابیاں
ہم تو سمجھے تھے کہ اب دل کو شکیبا کر دیا
عشق سے تیرے بڑھے کیا کیا دلوں کے مرتبے
مہر ذرّوں کو کیا قطروں کو دریا کر دیا
تیری محفل سے اٹھاتا غیر مجھ کو کیا مجال
دیکھتا تھا میں کہ تو نے بھی اشارا کر دیا
سب غلط کہتے تھے لطفِ یار کو وجہِ سکوں
دردِ دل اس نے تو حسرتؔ اور دونا کر دیا

حسرتؔ موہانی

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کرتے ہوئے حسرتؔ کی شاعری پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ”غالبؔ کے کلام میں زبان و بیان اور لفظی شان و شکوہ نمایاں ہے۔“ بحث کیجیے۔ [25]

**2** *Nazmein*

www.PapaCambridge.com

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

تو اور کی تعریف کر تجھ کو ثنا خوانی ملے
کر مشکل آساں اور کی تجھ کو بھی آسانی ملے
تو اور کو مہمان کر تجھ کو بھی مہمانی ملے
روٹی کھلا روٹی ملے پانی پلا پانی ملے

کلجگ نہیں کر جگ ہے یہ یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے اس ہات دے اس ہات لے

کر چک جو کچھ کرنا ہو اب یہ دم تو کوئی آن ہے
نقصان میں نقصان ہے احسان میں احسان ہے
تہمت میں یاں تہمت لگے طوفان میں طوفان ہے
رحمان کو رحمان ہے شیطان کو شیطان ہے

نظیر اکبر آبادی

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** اس نظم پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ بتایئے کہ نظیرؔ اپنے خیالات کے اظہار میں کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں؟

یا

(ب) '' اقبالؔ کی نظموں میں مذہبی رجحان بہت زیادہ پایا جاتا ہے۔'' بحث کیجیے۔ [25]

www.PapaCambridge.com

**3** *Nazmein*

میں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

دل میں اک شعلہ بھڑک اٹھا ہے آخر کیا کروں
میرا پیمانہ چھلک اٹھا ہے آخر کیا کروں
زخم سینے کا مہک اٹھا ہے آخر کیا کروں

اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

جی میں آتا ہے یہ مردہ چاند تارے نوچ لوں
اس کنارے نوچ لوں اور اس کنارے نوچ لوں
ایک دو کا ذکر کیا سارے کے سارے نوچ لوں

اے غمِ دل کیا کروں ، اے وحشتِ دل کیا کروں

آوارہ۔مجاز

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** کیا یہ نظم ایک ناکام عاشق کے دل کی آواز ہے یا حالات کے ستائے ہوئے ایک مظلوم کا ردِعمل ہے؟ اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔

یا

(ب) ''اختر الایمان کی شاعری اپنے معاشرے کی سچی ترجمان ہے۔'' بحث کیجیے۔ [25]

www.PapaCambridge.com

## Section 2

## دوسرا حصّہ

**4** *Umrao Jan Ada*, Mirza Mohammed Hadi Ruswa

### ۴۔امراؤجان ادا، مرزا رسوا

(الف) "امراؤجان ادا کی زندگی میں تمام مسائل مردوں کی وجہ سے آئے ہیں۔" اس بیان پر تفصیلی تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) "امراؤجان ادا فطری طور پر ایک طوائف تھی۔" آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟ [25]

**5** *Afsané*

### ۵۔افسانے

(الف) "افسانہ نظارہ درمیاں ہے میں طبقاتی تضاد نمایاں نظر آتا ہے۔" بحث کیجیے۔

یا

(ب) حقیقت نگاری کے حوالے سے نصاب میں شامل کس افسانے نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے۔
اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔ [25]

**6** *Anar Kali*, Imtiaz Ali Taj

### ۶۔انارکلی، امتیاز علی تاج

(الف) "آپ شہنشاہ ہیں صرف شہنشاہ" رانی کا یہ مکالمہ اکبر کے کردار کی کس حد تک عکاسی کرتا ہے؟
اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) "سلیم اور انارکلی کے عشق کی ناکامی ڈرامہ انارکلی میں انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔" اس بیان پر تفصیل
سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ [25]

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

*Copyright Acknowledgements:*

Question 1 © Dr Saleem Akhtar; *Naya Urdu Nisab A Level*; Sang e Meel Publications; 2003.
Question 2 © Nasir Kazmi; *Intekhab e Nazir*; Jahangir Book Depot; 2003.
Question 3 © Mohammad Raza Kazmi; *Urdu Waisa Majaz*; Oxford University Press Pakistan; 2007.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of